(MSDS)

# خدمات کے کم از کم معیار

طب
یونانی

سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن
معیاری علاج سب کے لئے

SINDH HEALTH CARE COMMISSION
Quality Care for All

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | |
|---|---|---|
| 1 | تعارف | 1 |
| 2 | خدمات کی ادائیگی کے اسٹینڈرڈز (MSDS) | 1 |
| 3 | ایم ایس ڈی ایس (MSDS) ترتیب دینے کا طریقہ کار | 2 |
| 4 | کور گروپ (Core Group) کے اراکین | 2 |
| 5 | مطب کی شناخت | 3 |
| 6 | سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن سے رجسٹریشن | 3 |
| 7 | حکیم کی شناخت اور تعلیمی قابلیت | 4 |
| 8 | علاج معالجے کے اوقات کار | 4 |
| 9 | معالج کی ڈگری/ڈپلومہ (BEMS) / (FTJ) | 5 |
| 10 | نیشنل کونسل فار طب کی رجسٹریشن | 5 |
| 11 | مطب کا رقبہ | 6 |
| 12 | مریضوں کیلئے سہولیات | 6 |
| 13 | مریضوں کے معائنے کے دوران رازداری | 7 |
| 14 | ہنگامی حالات کے بارے میں آگاہی | 8 |
| 15 | ہنگامی حالات کا مقابلہ کرنے کا بندوبست | 8 |

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | |
|---|---|---|
| 16 | مطب میں عملے کی ذاتی معلومات/اسناد | 8 |
| 17 | مریضوں کے ریکارڈ کا اندراج | 9 |
| 18 | طبی دستور کے مطابق علاج | 9 |
| 19 | نسخہ جات کے اندراج | 10 |
| 20 | مریض کی شناخت/نمبر | 10 |
| 21 | رجسٹرڈ حکیم اور نسخہ جات | 11 |
| 22 | ادویات کا ذخیرہ وفراہمی | 11 |
| 23 | ادویات کا لیبل | 12 |
| 24 | تربیت یافتہ۔ڈسپنسر | 12 |
| 25 | علاج معالجے کے اخراجات | 13 |
| 26 | مطب میں مریض کا شکایتی رجسٹر | 13 |
| 27 | صفائی ستھرائی کا انتظام | 13 |

# تعارف

سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن (SHCC) ایکٹ 2013 کے نفاذ کے ذریعے سندھ کے صوبے میں بہترین طبّی سہولیات کی فراہمی کے لئے قیام عمل میں لایا گیا۔ جس کا مقصد عوام الناس کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی اور عطائیت کا خاتمہ ہے۔

طبّی طریقہ ہائے علاج کے تحت صحت کی خدمات یونانی / آیورویدک اور ہومیو پیتھک پریکٹیشنرز ایکٹ II-1965 کے تحت مہیا کی جاتی ہیں جو پاکستان میں ایک متبادل طریقہ علاج کے طور پر مقبول و معروف ہے۔ طبِ یونانی کے ہر طبقے میں مقبولیت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ یہ عوام الناس کی آسان دسترس اور نسبتاً سستا طریقہ علاج ہے۔

عالمی ادارہ صحت (WHO) کی ایک رپورٹ کے مطابق زیادہ تر پسماندہ ممالک کی 70% سے 95% فیصد آبادی روائتی طریقہ علاج پر انحصار کرتی ہے۔ صنعتی ممالک میں بھی اب روائتی طریقہ علاج کی مقبولیت میں بے پناہ اضافہ دیکھا گیا ہے۔ کیونکہ یہ ایک موثر، مربوط اور محفوظ طریقہ علاج ہے۔ نتیجتاً عالمی منڈیوں میں ان ادویات کا حجم کئی بلین یو ایس ڈالر ہے اور اس میں بتدریج اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ جو صحت کی خدمات کی رسائی میں اضافے کا سبب ہے۔

اس وقت پنجاب میں پچیس اور سندھ میں پانچ طبی کالج چل رہے ہیں جو میٹرک کے بعد چار سالہ فاضل طِب و جراحت کا ڈپلومہ کورس طِب یونانی کے تحت کرا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ ہمدرد یونیورسٹی کراچی، ضیاالدین یونیورسٹی اور جناح کالج میں علیحدہ شعبہ طِب اور جراحت (یونانی طریقہ علاج) کے لئے مختص کیا گیا ہے۔ جو بیچلر آف ایسٹرن میڈیسن اینڈ سرجری (بی ای ایم ایس) کرواتا ہے۔ ہر ڈگری پروگرام ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے منظور کردہ نصاب پر مشتمل ہے۔ جو بی ای ایم ایس کو ایم ایس سی کے مساوی تصور کرتا ہے اور یہ امیدوار کو گریڈ 17 کی سرکاری ملازمت کا اہل بناتا ہے۔

## خدمات کی ادائیگی کے اسٹینڈرڈز (MSDS)

صحت کی سہولیات کے کم از کم معیار ایم ایس ڈی ایس (MSDS) کو ترتیب دینا اور ان کو رائج کرنا ان خدمات کے معیار کو مسلسل بہتر بنانے کے لئے ایک طے شدہ عمل ہے۔ باوجود اس حقیقت کے کہ حکمت / طِب یونانی کا شعبہ دنیا کے اکثر ممالک میں رائج العمل ہے لیکن کہیں بھی طِبی نظام کے تحت خدمات فراہم کرنے کے لئے کوئی تسلیم شدہ اسٹینڈرڈ رائج نہیں تھے۔ ایسی صورت میں ایم ایس ڈی ایس (MSDS) کی تشکیل ایک مشکل عمل تھا لیکن ماہر اطباء کرام کی زیر نگرانی یہ کام تشکیل پایا جس کا مقصد خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا ہے، تاہم طبیب کی پیشہ ورانہ اسناد کی رجسٹریشن کرنا نیشنل کونسل برائے طِب کی ہی ذمہ داری ہے۔ جو مذکورہ قانون کے تحت اپنے مخصوص دائرِ کار میں رہتے ہوئے ہر پریکٹس کے قواعد و ضوابط اور ضابطہ اخلاق جاری کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

## ایم ایس ڈی ایس (MSDS) ترتیب دینے کا طریقہ کار

اس حقیقت کے پیش نظر کے طبی/یونانی طریقہ ہائے کار ایلو پیتھک سسٹم سے مختلف ہیں۔ لہٰذا کلیدی معلومات کے لئے متعلقہ معیار بنانے کے لئے ماہر اطباء کرام کی خدمات حاصل کی گئی جو کہ سرکاری اور نجی طبِ یونانی کے مراکز میں تعینات تھے۔ اس کے علاوہ طبی کالجز اور یونیورسٹیز میں پڑھانے والے اساتذہ اور کونسل فار طِب کے اعلیٰ عہدیداران نے ہمیں اپنی قیمتی رائے سے آگاہ کیا۔

سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن (SHCC) کی ٹیم نے ایم ایس ڈی ایس کی تشکیل میں اپنے کور گروپ (Core Group) کے ساتھ مل کر ایک جامع دستاویزات تیار کی جس کا مقصد طبی طریقہ کار کے رہنما اصولوں پر فراہمی کو ممکن بنانا تھا مثلاً مطب کی ظاہری صورت حال، سہولیات کی فراہمی، طبیب کی اسناد اور مطب کی رجسٹریشن، عمومی اور خصوصی امور کا خیال، ریکارڈ رکھنے کا طریقہ کار کی وضاحت کی گئی ہے۔

## کور گروپ (Core Group) کے اراکین:

۱۔ حکیم عبدالحنان

۲۔ حکیم قاسمی

۳۔ حکیم طارق عارف

۴۔ حکیم اسماعیل

۵۔ طبیبہ سائرہ

۶۔ حکیم شیراز

۷۔ ڈاکٹر شبیر

ہم اپنے کور گروپ کے ماہرین کے تہہ دل سے مشکور ہیں کہ انہوں نے ہماری اس جامع دستاویز کی تیاری میں مدد کی اور بنیادی رہنما اصولوں کی تیاری میں سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔

# مطب کی جانچ پڑتال کے معیار

**MINIMUM SERVICE DELIVERY STANDARDS FOR TIBB-E-UNANI**

## 1. The Clinic is identifiable with name and the NCT Islamabad.

۱) مطب کی شناخت سائن بورڈ پر درج نیشنل کونسل فار طب اسلام آباد کے رجسٹریشن اور نام سے ہو۔

(جائزہ کار یا معائنہ کار اس بات کی تسلی کرلے کہ مطب پر سائن بورڈ نمایاں ہے اور مطب میں داخلے سے پہلے مریض جانتے ہیں کہ وہ ایک سند یافتہ رجسٹرڈ حکیم سے علاج کے لئے رجوع کر رہے ہیں)۔

وضاحت:۔

مطب پر حکیم جس کا نام آویزاں ہے اور وہ NCT سے رجسٹرڈ ہے اور اس کا نمبر بورڈ پر آویزاں ہے۔

کارکردگی:۔

اگر بورڈ پر حکیم کا نام واضح ہے اور اس کا NCT رجسٹریشن نمبر آویزاں ہے تو یہ مطب مندرجہ بالا معیار پر پورا اُترتا ہے۔

اگر مطب پر بورڈ آویزاں نہیں ہے تو وہ مطب معیار پر پورا نہیں اُترتا۔

......................................

## 2. The Clinic is Registered / Licensed with the SHCC.

۲) مطب سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن سے رجسٹرڈ/لائسنس یافتہ ہو۔

(معائنہ کار اس بات کی تسلی کرلے کہ مطب SHCC سے رجسٹرڈ ہے اور رجسٹریشن نمایاں جگہ پر آویزاں ہے)۔

وضاحت:۔

سائن بورڈ پر (SHCC) کی جانب سے رجسٹریشن یا لائسنس نمبر کا اندراج۔

کارکردگی:۔

اگر مطب (SHCC) کی جانب سے لائسنس کا حامل ہے تو وہ مطب مکمل طور پر مندرجہ بالا معیار پر پورا اُترتا ہے اگر مطب (SHCC) سے رجسٹرڈ ہے اور لائسنس کے حصول کے لیے درخواست دی ہوئی ہے تو وہ مطب جزوی طور پر معیار پر پورا نہیں اُترتا ہے۔

اگر مطب (SHCC) سے نہ تو رجسٹرڈ ہے اور نہ ہی کوئی درخواست دی ہے تو وہ مکمل طور پر عطائی (Quack) مطب تصور ہوگا اور فوری قانونی کاروائی ہوگی۔

......................................

## 3. Door Plate Clearly Mentioned Qualifications and the Registration Number of the Practitioner.

۳) دروازے پہ لگی تختی پر حکیم کا نام اوراس کی تعلیمات کا اندراج ہو۔

(جائزہ کار کا فرض ہے کہ دروازے پر لگی تختی پر حکیم کا نام اوراس کی تعلیم کے اندراج کا معائنہ کرے یعنی ڈپلومہ **(Diploma)** کنڈینس ڈگری یا **BEMS** ڈگری جو طب یونانی پریکٹیشنرز ایکٹ 1965ء (II) کی شرائط اور نیشنل کونسل فار طب کے ضابطہ اخلاق کے مطابق ہو)۔

**وضاحت:۔**

**دروازے پر لگی تختی پر کوئی حکیم اور طبیب اپنے نام کے ساتھ ڈاکٹر کا لقب استعمال نہیں کرسکتا۔(اگراس میں BEMS ڈگری کے بعد PHD بھی کی ہے تو پھر ڈاکٹر کا لفظ حکیم اور طبیب کے ساتھ لکھ سکتا ہے۔**

کارکردگی:۔

اگر دروازے پر لگی تختی پر حکیم کا نام اوراس کی تعلیم کا اندراج ہے تو وہ مطب مکمل معیار کے مطابق ہے۔

اگر دروازے پر لگی تختی سے پوری معلومات ظاہر نہیں ہوتی تو مطب جزوی طور پر معیار پر اُترتا ہے۔

اگر دروازے پر تختی موجود نہیں تو وہ معیار پر پورا نہیں اُترتا اور وہ قانونی کاروائی کا مجاز ہوگا۔

.....................................

## 4. Consultation Hours must be Clearly Visible or Displayed.

۴) علاج معالجہ کے اوقات کار واضح طور پر درج ہوں۔

(معائنہ کار / جائزہ کار چیک کرلے کہ علاج معالجہ کا کام صرف حکیم کی موجودگی میں ہونا چاہیئے۔اوقات کار مطب کے اندر اور باہر نمایاں جگہ پر درج ہوں)۔

**وضاحت:۔**

**نیشنل کونسل فار طب کے ضابطہ اخلاق کی شرائط کے مطابق اوقات کار نمایاں ہونا لازمی ہیں۔**

کارکردگی:۔

اگر علاج معالجہ کے اوقات کار آویزاں ہیں تو مطب مکمل پر معیار پر پورا اُترتا ہے۔

اگر علاج معالجہ کے اوقات کار آویزاں نہیں ہیں تو مطب معیار پر پورنہیں اُترتا ہے۔

.....................................

## 5. The Clinic Manager has required qualifications (FTJ/BEMS).

۵) مطب میں علاج معالجہ کے فرائض ادا کرنے والا فاضل طب والجراحت BEMS/FTJ بیچلر آف ایسٹرن میڈیسن اینڈ سرجری کی سند کا حامل ہو۔

(معائنہ کار چیک کر لے کہ اگر مطب کا مالک یا منیجر علاج اور تشخیص کرتا ہے تو وہ لازماً سند یافتہ ہو)۔(ورنہ یہ شرط لاگو نہیں ہوگی)

وضاحت:۔

اس میں کوئی حرج نہیں کہ مطب کا مالک حکیم نہیں ہے اس صورت میں علاج معالجہ کا ذمہ دار منیجر رجسٹرڈ حکیم ہو۔ بقایا عام انتظامی امور مطب کا مالک بھی چلا سکتا ہے۔

کارکردگی:۔

اسناد درست ہیں تو اس صورت میں مطب مکمل طور پر معیار پر اُترتا ہے۔

اسناد درست نہیں ہونے کی صورت میں مطب مکمل طور پر غیر معیاری ہے اور قانونی کاروائی کا مجاز ہوگا۔

.....................................

## 6. NCT Registration (Hakeem / Tabib) Certificate must be displayed.

۶) مطب میں نیشنل کونسل فار طب کی رجسٹریشن آویزاں کرنا لازم ہے۔

(معائنہ کار چیک کر لے کہ مطب میں نیشنل کونسل فار طب کی رجسٹریشن کی نقل نمایاں طور پر آویزاں ہو اور تصدیق کے وقت اصل موجود ہونی چاہیے۔ بوقت ضرورت رجسٹریشن کی درستگی کی تصدیق نیشنل کونسل فار طب سے کی جا سکتی ہے)۔

کارکردگی:۔

وضاحت:۔

رجسٹریشن لازمی مطب میں آویزاں ہو۔ اس کی نقل بھی آویزاں کی جا سکتی ہے اور تصدیق کے وقت اصل موجود ہو۔

اگر مطب میں رجسٹریشن کی نقل آویزاں ہے اور اصل باوقت ضرورت تصدیق کے لیے فراہم کی جائے تو مطب مکمل طور پر معیار کے مطابق ہے۔

اگر رجسٹریشن کی معیاد ختم ہونے کی صورت میں اس کی تصدیق کے لیے درخواست کا ثبوت موجود ہے تو مطب جزوی طور پر معیار پر پورا اُترتا ہے۔

اگر مطب میں رجسٹریشن آویزاں نہیں ہے یا اس کی معیاد بھی ختم ہو چکی ہے اور اس کی تصدیق کے لیے درخواست کا کوئی ثبوت بھی نہیں ہے تو وہ مطب مکمل طور پر معیار پر پورا نہیں اُترتا ہے۔

.....................................

## 7. Minimum Requirement Place for the Premises of Mattab / Clinic.

۷) مطب کا سائز کم از کم ضرورت کے مطابق ہو۔

(i) معائنہ کار کی ذمہ داری ہے کہ چیک کر لے کہ مطب / کلینک پر ایک وقت میں کم از کم تین سے پانچ افراد کے بیٹھنے کی جگہ موجود ہو۔

(ii) انتظار گاہ میں کم از کم 3 افراد کے بیٹھنے کی جگہ ہے۔

(iii) ادویات کا علیحدہ کاؤنٹر ہے۔

**وضاحت:۔**
**حکیم / طبیب کے مریض کو چیک کرنے کے لیے پرائیویسی ہے اور کم از کم تین یا اس سے زائد افراد کے بیٹھنے کی جگہ ہے۔**

کارکردگی:۔

اگر مطب میں معائنہ گاہ / انتظار گاہ اور ادویات کے لیے علیحدہ علیحدہ انتظام ہے تو یہ مکمل طور پر معیار کے مطابق ہے۔

معائنہ کا انتظام، ادویات کا کاؤنٹر اور مریضوں کے انتظار کی جگہ ایک ہی کمرے میں ہو سکتی۔ تاہم مریض کا معائنہ کرنے کے لیے پرائیویسی کا انتظام ہو۔

.......................................

## 8. Clinic has adeqaute facilities for the comfort of the patients.

۸) مطب میں مریضوں کے لیے مناسب سہولیات ہوں۔

(i) ہر مطب / کلینک کے لیے الگ انتظار گاہ ممکن نہیں، لہٰذا معائنہ کار چیک کر لے کہ مریضوں کے بیٹھنے کی مناسب سہولت ہو۔

(ii) بجلی کا متبادل انتظام ہو کم از کم ایمرجنسی لائٹ ہو۔

(iii) کوڑا کرکٹ پھینکنے کا ڈسٹ بن موجود ہو۔

(iv) معذور یا ضعیف مریضوں کے لیے سہولیات فراہم ہوں۔

(v) پینے کا صاف پانی موجود ہو۔

**وضاحت:۔**
**مریضوں کے بیٹھنے کی مناسب جگہ، بجلی کا متبادل انتظام، پینے کا صاف پانی اور کوڑا کرکٹ کے لیے ڈسٹ بن۔**

کارکردگی:۔

اگر مطب میں مندرجہ بالا سہولیات موجود ہیں تو مطب مکمل طور پر معیار پر پورا اُترتا ہے۔

اگر ان میں سے بجلی کا متبادل انتظام یا صاف پانی کا بندوبست کسی وجہ سے اُس وقت موجود نہیں ہے تو مطب جزوی طور پر معیار پر اُترتا ہے۔

اگر مطب میں مریضوں کے لیے سہولیات ناکافی ہیں تو مطب مکمل طور پر معیار پر پورا نہیں اُترتا ہے۔



.......................................

**9. Clinic has adequate arrangement for the privacy during consultation / Examination.**

۹) مریضوں کے معائنے کے دوران راز داری کا انتظام ہو۔

(معائنہ کار چیک کر لے کہ مطب میں معائنہ کے دوران مریض کے لیے راز داری کا مناسب انتظام ہے )۔

**وضاحت:۔**

**معائنہ کے دوران مریضوں کی راز داری کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا لہٰذا مریض کے دوران معائنہ راز داری کا مناسب انتظام ہو۔**

کارکردگی:۔

اگر مطب میں مریض کے معائنہ کے دوران راز داری کا مناسب انتظام ہے تو مطب مکمل طور پر معیار پر پورا اُترتا ہے۔

اگر مطب میں مریض کے معائنہ کے دوران راز داری کا انتظام نہیں ہے تو مطب مکمل طور پر معیار پر پورا نہیں اُترتا ہے۔

......................................

**10. The staff has the knowledge about early detection and contenment of fire and non-fire emergency.**

۱۰) مطب کے عملے کو ہنگامی حالات کے بارے میں ضروری آگاہی ہو۔

(معائنہ کار چیک کر لے اور عملے سے دریافت کرے کہ انہیں ہنگامی حالات جیسا کہ شارٹ سرکٹ یا کسی وجہ سے آگ لگ جانا یا دیگر معاملات کے بارے میں بروقت آگاہی ہے کہ کونسی آگ کیسے بجھائی جائے۔)

**وضاحت:۔**

**چھوٹے پیمانے پر بروقت پتہ لگانے سے مراد جلد ہی غیر معمولی دھوئیں جلنے کی بدبو یا قدرتی آفات وغیرہ سے آگاہی۔**

کارکردگی:۔

اگر مطب کے عملے کو ہنگامی حالات کے بارے میں آگاہی ہے تو مطب مکمل طور پر معیار پر پورا اُترتا ہے۔

اگر مطب کے عملے کو ہنگامی حالات کے بارے میں بروقت آگاہی نہیں ہے تو مطب معیار پر پورا نہیں اُترتا ہے۔

......................................

**11. Arrangements to combat fire and non-fire emergency are available in the clinic.**

۱۱) مطب میں ہنگامی حالات کا مقابلہ کرنے کا بندوبست۔

(معائنے کار/جائزہ کار معائنہ کرلے کہ مطب میں ہنگامی حالات سے مقابلہ کرنے کے آلات موجود ہیں مطب کے عملے سے دریافت کرے کہ انہیں آگ بجھانے کے آلات کا استعمال آتا ہے)۔

**وضاحت:۔**

**مطب میں ہنگامی حالات پر قابو پانے والے آلات مثلاً آگ بجھانے والا آلہ یا بالٹی جس میں ریت بھری ہوئی ہو۔اور ایسی بالٹی جس میں پانی بھی موجود ہو۔**

کارکردگی:۔

اگر مطب کا عملہ ہنگامی حالات پر قابو پانے کی صلاحیت رکھتا ہے اور آگ بجھانے والے آلات کا استعمال جانتا ہے تو وہ مکمل طور پر معیار پر پورا اُترتا ہے۔

اگر عملہ آگ بجھانے والے آلات کا استعمال نہیں جانتا ہے تو یہ مطب معیار پر پورا نہیں اُترتا۔

.....................................

**12. Personal Record/credentials of all staff of the clinic must be recorded.**

۱۲) مطب میں عملے کی ذاتی معلومات اسناد وغیرہ۔

(جائزہ کار مطب کے عملے حکیم/دواساز اور دواکوب کی اسناد اور معلومات چیک کرلے۔)

**وضاحت:۔**

**دواکوب یا ڈسپنسر وہ شخص ہے جو کہ دواسازی کا باقاعدہ کورس یا مستند حکیم کے ماتحت تجربہ رکھتا ہو۔**

**(انکی تعلیم کا انتظام پاکستان میں نہیں ہے)**

کارکردگی:۔

اگر مطب کے عملے کی اسناد موجود ہیں تو مطب مکمل طور پر معیار کے مطابق ہے۔

اگر مطب میں عملے کی اسناد موجود نہیں ہیں تو مطب معیار پر پورا نہیں اُترتا۔

.....................................

**13. Only Authorized person can enter the record of patients.**

۱۳) مطب کی جانب بااختیار شخص مریضوں کے ریکارڈ کا اندراج کرے۔

(معائنے کار/ جائزہ کار مریضوں کا ریکارڈ چیک کرلے اور معلوم کرلے کہ مریضوں کا ریکارڈ مطب کی جانب سے بااختیار شخص کرتا ہے)۔

وضاحت:۔

مطب میں مریضوں کا طبی ریکارڈ، رجسٹر جس میں مریض کے بارے میں معلومات مثلاً نام، والد یا خاوند کا نام، جنس، تاریخ، پتہ اور سیریل نمبر کے مطابق درج ہیں۔

کارکردگی:۔

اگر مطب میں مریضوں کا ریکارڈ مندرجہ بالا اصولوں کے مطابق ہے تو مطب معیار پر پورا اُترتا ہے۔

اگر مطب میں مریضوں کا ریکارڈ رجسٹرڈ نہیں کیا جاتا تو مطب معیار پر پورا نہیں اُترتا ہے۔

.....................................

**14. The clinic is doing medical practice only for Ayurvedic / Unani Medicine.**

۱۴) مطب صرف طبی دستور کے مطابق علاج کرتا ہے۔

(معائنہ کار/ جائزہ کار مطب میں مہیا کی جانے والی خدمات کا جائزہ لے کہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ مطب میں صرف طبِ

وضاحت:۔

اس بات کا واضح ثبوت ہونا چاہیئے کہ مطب میں صرف طبِ یونانی/ آیورویدک طریقہ علاج کے مطابق علاج کیا جاتا ہے۔

یونانی، آیورویدک طریقہ علاج کے مطابق علاج کیا جاتا ہے)۔

کارکردگی:۔

اگر مطب میں طبِ یونانی اور آیورویدک طریقہ علاج کے مطابق علاج کیا جاتا ہے تو مطب معیار پر مکمل پورا اُترتا ہے۔

اگر طبِ یونانی اور آیورویدک طریقہ علاج سے علاج نہیں کیا جاتا تو مطب معیار پر پورا نہیں اُترتا ہے بلکہ فوری قانونی کاروائی کا مستحق ہے۔

.....................................

## 15. There is record of all the prescription in clinic

۱۵) مطب میں نسخہ جات کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے۔

وضاحت:۔
مطب میں ادویات / مریضوں کے نسخہ جات کے ریکارڈ کے رجسٹر موجود ہیں کم از کم چھ ماہ کا ریکارڈ موجود ہو۔

(جائزہ کار / معائنہ کار چیک کرلے کہ کم از کم چھ ماہ کا مریضوں کا ریکارڈ موجود ہے)۔

کارکردگی:۔

اگر مطب میں مریضوں کی معلومات کا رجسٹر اور دی جانے والی ادویات کا رجسٹر ملے نسخہ مریض موجود ہے تو یہ مطب مکمل طور پر معیار کے مطابق ہے۔

اگر ریکارڈ رجسٹر موجود نہیں تو یہ مطب معیار کے مطابق نہیں ہے۔

....................................

## 16. Every patient prescription record has a unique identifier and particulars for identifications.

۱۶) ہر مریض کی شناخت کے لئے ایک نمبر مختص ہوگا۔

وضاحت:۔
مطب میں ہر مریض کی شناخت کے لئے الگ نمبر جاری ہونا چاہے۔

(معائنہ کار / جائزہ کار چیک کرلے کہ ہر مریض کے لیے الگ نمبر مختص ہو۔)

کارکردگی:۔

اگر مطب میں مریضوں کے علاج کے شناخت کے لئے الگ نمبر موجود ہے تو یہ مطب مکمل طور پر معیار کے مطابق ہے۔

اگر مریضوں کی شناخت کا نمبر موجود نہیں تو یہ مطب معیار کے مطابق نہیں ہے۔

....................................

**17. Authorize person only can write a prescription to the patients.**

۱۷) رجسٹرڈ حکیم ہی نسخہ جات تحریر کرنے کا مجاز ہے۔

(معائنہ کار/ جائزہ کار چیک کرلے مطب میں نسخہ تحریر کرنے والے کی شناخت کی تفصیلات موجود ہوں اور نسخہ کی پرچی پر تحریر کرنے والے

وضاحت:۔
مطب میں نسخہ تحریر کرنے والے رجسٹرڈ حکیم ہی ہو یعنی پرچی یا نسخہ رجسٹرڈ حکیم کا ہی تحریر کردہ ہو۔

رجسٹرڈ حکیم کا نام، دستخط یا مہر ہو)۔

کارکردگی:۔

اگر مطب میں تحریر شدہ نسخہ مستند حکیم کا تحریر کردہ ہو تو یہ مطب مکمل معیار کے مطابق ہے۔

اگر نسخہ حکیم کا تحریر کردہ نہیں تو یہ مطب معیار کے مطابق نہیں ہے۔

....................................

**18. Quality practice should be in planfor the storage and dispensing of medicine in the clinic. That include placement of different drugs in the respective cabinets.**

۱۸) مطب میں ادویات کا ذخیرہ فراہمی رہنما اصولوں کے مطابق ہو۔

وضاحت:۔
ادویات یعنی سفوف/ قرص اور شربت وغیرہ علیحدہ علیحدہ رکھے گئے ہوں۔

(جائزہ کار چیک کرلے سفوف قرص مرکبات/ الماری میں علیحدہ علیحدہ رکھے گئے ہیں اور معیار کے مطابق ہیں)۔

کارکردگی:۔

اگر مطب میں سفوف/ قرص اور شربت علیحدہ رکھے گئے ہیں تو مطب معیار کے مطابق ہے۔

اگر مطب میں سفوف/ قرص اور شربت علیحدہ نہیں رکھے گئے ہیں تو مطب معیار کے مطابق نہیں ہے۔

....................................

## 19. Labeling according to standards with production and expiry date.

۱۹) ادویات کے اوپر نام کا اندارج لازمی اور معیار کے مطابق ہو۔

وضاحت:۔

مطب میں ادویات اور مریضوں کو دی گئی ادویات پر لیبل معیار کے مطابق ہو۔

(معائنہ کار/جائزہ کار چیک کرلے تمام ادویات پر لیبل بمعہ تاریخ تیاری و معیاد ختم ہونے کی تاریخ موجود ہو)۔

کارکردگی:۔

اگر مریضوں کو دی گئی ادویات کے ساتھ طریقہ استعمال کا لیبل اور مطب میں موجود ادویات پر لیبل چسپاں ہے جس پر کہ تاریخ معیاد لکھی گئی ہیں تو یہ مطب مکمل طور پر معیار کے مطابق ہے۔

اگر مندرجہ بالا ہدایت پر عمل نہیں کیا گیا ہے تو یہ مطب معیار کے مطابق نہیں ہے۔ غیر معیاری اور تاریخ سے تجاوز کرنے والی ادویات کی فراہمی کے نتیجے میں قانونی کاروائی کا مجاز ہوگا۔

.................................

## 20. Authorize person dispense the medicine in clinic under supervision of registered hakeem.

۲۰) مطب میں بااختیار شخص ہی ادویات فراہم کرتا ہو۔

وضاحت:۔

ادویات فراہم کرنے والا شخص تربیت یافتہ اور طبیب کے زیرنگرانی ادویات فراہم کرتا ہے۔ طبیب اپنے مریضوں کیلئے خود دوا فراہم کرسکتا ہے۔

(معائنہ کار/جائزہ کار چیک کرلے ادویات فراہم کرنے والا شخص تربیت یافتہ اور حکیم کی زیرنگرانی ادویات فراہم کرتا ہے)۔

کارکردگی:۔

اگر طبیب خود فراہم کرے یا ادویات فراہم کرنے والا شخص طبیب کے زیرنگرانی ادویات فراہم کرتا ہے تو مطب مکمل طور پر معیار کے مطابق ہے۔

اگر ادویات طبیب کے زیرنگرانی فراہم نہیں کی جائیں تو یہ مطب معیار کے مطابق نہیں ہے۔

.................................

## 21. Patients have the right to ask for treatment's expenses.

۲۱) مریضوں کو علاج معالجہ کے اخراجات پوچھنے کا حق حاصل ہو۔

**وضاحت:۔**

**مریضوں کو اخراجات کے حوالے سے معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔**

(معائنہ کار/ جائزہ کار چیک کر لے کہ مریضوں کو اخراجات معلوم کرنے کا حق دیا جاتا ہے)۔

کارکردگی:۔

اگر مریضوں کو علاج کے متوقع اخراجات کے بارے میں آگاہ کیا جاتا ہے تو مطب مکمل طور پر معیار پر پورا اُترتا ہے۔

اگر مریضوں کو متوقع اخراجات سے آگاہ نہیں کیا جاتا ہے تو یہ مطب معیار کے مطابق نہیں ہے۔

.....................................

## 22. Complaint register regarding a patient's compliants.

۲۲) مطب میں مریض کا شکایت رجسٹر۔

**وضاحت:۔**

**مطب میں مریض کو شکایت کا حق دیا جاتا ہے اور اس کا رجسٹر موجود ہے۔**

(معائنہ کار/ جائزہ کار چیک کر لے کہ مطب میں مریضوں کا شکایت رجسٹر موجود ہے۔)

کارکردگی:۔

اگر مطب میں شکایت رجسٹر موجود ہے اور مریض اپنی شکایت درج کر سکتے ہیں تو یہ مطب مکمل طور پر معیار کے مطابق ہے۔

اگر مطب میں شکایت رجسٹر موجود نہیں ہے تو یہ مطب معیار کے مطابق نہیں۔

.....................................

## 23. Reasonable arrangements for the cleanliness.

۲۳) مطب میں صفائی ستھرائی کا معقول انتظام ہو۔

**وضاحت:۔**

**مطب میں صفائی ستھرائی کا مناسب انتظام موجود ہے تو مطب معیار کے مطابق ہے۔**

(معائنہ کار/ جائزہ کار چیک کر لے کہ مطب میں صفائی ہے اور اس کا معقول بندوبست ہے۔)

کارکردگی:۔

اگر مطب میں صفائی ستھرائی کا مناسب انتظام موجود ہے تو مطب معیار کے مطابق ہے۔

اگر مطب میں صفائی ستھرائی کا انتظام نہیں ہے تو مطب معیار کے مطابق نہیں ہے۔